Session 9th
No 58
Date 8/1/2014
Department C&W

تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب، معمول کی کارروائی روک کر مفاد عامہ کی اہم اور فوری نوعیت کی ایک اہم مسئلہ پر بات کرنے کی اجازت دی جائے وہ یہ کہ کوہاٹ روڈ پر رنگ روڈ پل کے نیچے گیس پائپ لائن کیلئے تین چار سال پہلے محکمہ سوئی گیس نے تین چار فٹ کھدائی کی تھی لیکن تین چار سال گزرنے کی باوجود اس کی دوبارہ مرمت نہیں کی گئی ہے جس کی وجہ سے کم بارش کی صورت پانی جمع ہو جاتا ہے جس میں سامان سے لدے بڑے بڑے ٹرالر اور ٹرک وغیرہ دھنس جانے کی وجہ سے لوگوں کو شدید مالی اور ذہنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مذکورہ روڈ کی بروقت مرمت نہ کرنا محکمہ سوئی گیس اور خیبر پختونخوا ہائی وے اتھارٹی کی غفلت لاپرواہی کا نتیجہ ہے جس کی وجہ سے مذکورہ روڈ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ چونکہ جنوبی اضلاع اور قبائلی علاقہ جات سے تعلق کثیر تعداد مریض شام کے وقت پرائیوٹ ہسپتالوں میں لائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے روزانہ کو ٹاٹ روڈ پر رنگ روڈ پل پر گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام کی وجہ سے مریضوں کو شدید ذہنی اور مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور جب وہاں ٹریفک جام سے جان چھوٹ جاتی ہے تو متعلقہ ڈاکٹرز اپنے مریضوں کی چیک اپ ختم کر کے گھر چلے جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مریض مزید شدید اذیت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

صوبائی حکومت سے گزارش ہے کہ مذکورہ روڈ پر محکمہ سوئی گیس کو کام کرنے کیلئے این او سی اور محکمہ گیس کی طرف سے نقصانات کی چھان بین کی جائے اور کھدائی کر کے بغیر مرمت کے کیوں چھوڑ دیا گیا ہے اور تین چار سالوں سے لوگوں کو اذیت میں متلا کر دیا ہے۔ چونکہ مذکورہ روڈ ایک بین بالصوبائی اور بین اضلاع روڈ ہونے کی وجہ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور پختونخوا ہائی وے اتھارٹی ہر سال کروڑوں روپے روڈوں کی مرمت پر خرچ کرتی ہیں لیکن مذکورہ روڈ عدم مرمت پر پختونخوا ہائی وے تھارٹی کی چشم پوشی اور غفلت پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے۔

لہذا صوبائی حکومت کو ہاٹ روڈ پر رنگ روڈ پل کے نیچے دوبارہ مرمت کیلئے ضروری اقدامات کرنے لئے حکامات جاری کرے۔ تا کہ لوگوں کے مشکلات میں کمی آسکے اور ساتھ ہی روڈ کی عدم مرمت کی چھان بین کی جائے اور غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

(عظمیٰ خان)

رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا۔

7/1/2014